© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## قاری اہل اللہ رحیمی رحمۃ اللہ علیہ

امام القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش پانی پتی نوراللہ مرقدہٗ کے تیسرے فرزند قاری اہل اللہ رحیمی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم، اپنے عظیم والد کے جانشین تھے۔ مدینہ طیبہ میں انتقال ہوا۔ اُن کی تمام عمر خدمتِ قرآن میں بسر ہوئی۔ اپنے والدِ ماجد رحمہ اللہ سے قرآنِ کریم حفظ کیا اور تجوید وقراءت کا علم وفن پڑھتے اور پڑھاتے رہے، حضرت قاری رحیم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد اُن کے دو فرزندانِ گرامی مولانا قاری محمد عبداللہ اور مولانا قاری محمد عبید اللہ رحمہما اللہ یکے بعد دیگرے رخصت ہوئے۔ اور اب قاری محمد اہل اللہ بھی سوئے آخرت سدھار گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ یہ سانحہ جہاں حضرت قاری رحیم بخش نوّر اللہ مرقدہٗ کے خاندان کے لیے باعث رنج وغم ہے، وہاں حضرت کے ہزاروں تلامذہ کے لیے بھی شدید صدمہ اور نا قابلِ تلافی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت قاری رحیم بخش صاحب کے سب سے چھوٹے فرزند قاری محمد نصر اللہ صاحب کو سلامت رکھیں۔ انھیں اس صدمے پر صبر سے نوازیں اپنے والد ماجد اور تمام مرحوم بھائیوں کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے خدمتِ قرآنِ کریم ہی میں مشغول رکھیں (آمین)۔

## مرزا محمد یونس مرحوم

مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے قدیم کارکن جناب مرزا محمد یونس ۱۸ر جنوری ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئے۔ احرار کے ساتھ اُن کا تعلق کبھی بھی کمزور نہیں ہوا۔ بلکہ عمر کے ساتھ ساتھ اور مضبوط ہوتا چلا گیا۔ وہ بہت ہی محبت کرنے والے، مخلص، ایثار پیشہ، ہنس مکھ، مہمان نواز اور صالح انسان تھے۔ مجلس احرارِ اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، عبداللطیف چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور مولانا محمد مغیرہ نے مرحوم کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مغفرت کی دعا کی ہے۔

احباب وقارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت وایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com